خبروں کا اعلامیہ

معزور طلباء کی مدد کرنا

میڈیا انکوائریز12 ستمبر، 2023میڈیا انکوائریز (Media inquiries)

البرٹا کی حکومت غیرمعمولی معزوری کے حامل طلباء کی حمایت میں، -2023 24 کے تعلیمی سال کے لیے 5 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

غیرمعمولی معزوریاں (low incidence disabilities) البرٹا میں کم از کم 7,500 طلباء کو متاثر کرتی ہیں، یا طلباء کی کل آبادی کا تقریباً ایک فی صد، اور ان میں نابینا یا کمزور بینائی کے حامل، بہرے یا کمزور سماعت کے حامل، بہرے نابینا، یا پیچیدہ مواصلاتی ضروریات کے حامل طلباء شامل ہیں۔

غیر معمولی معاونت اور خدمات (ایل آئی ایس ایس) (Low Incidence Supports and Services (LISS) کی فنڈنگ اسکول کے حکام کو، خصوصی پیشہ ور افراد کو ملازمت پر رکھنے اور تربیت دینے اور ساز و سامان اور تعلیمی وسائل فراہم کرنے کا موقع دیتی ہے، جس کے ذریعے کچھ طلباء اپنی تعلیم تک مکمل رسائی حاصل کرنے کے لیے درکارخصوصی ٹیکنالوجی اور خدمات کی اعلی قیمت کو پورا کر سکتے ہیں۔

"اس فنڈنگ کے ذریعے اسکول غیر معمولی معزوری کے حامل طلباء کی مدد کے لیے مزید ماہرین کی خدمات حاصل کر سکیں گے۔ البرٹا کی متحدہ قدامت پسند حکومت ہمارے کمزور طلباء کی حفاظت اور مدد پر پختہ یقین رکھتی ہے۔ اس فنڈنگ کے نتیجے میں، اسکول نابینا، کمزور بینائی کے حامل افراد، بہرے، بہرے نابینا یا پیچیدہ مواصلاتی ضروریات کے حامل افراد کے لیے درکار خدمات اور ساز و سامان کا خرچہ پورا کرنے کے قابل ہوں گے۔"

ڈیمیٹریوس نیکولائڈز، منسٹرآف ایجوکیشن *(Demetrios Nicolaides, Minister of Education)*

البرٹا کے طلباء کی تنظیم کی متنوع ضروریات کو تسلیم کرنے کے لیے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ فنڈز اس طرف بھیجے جائیں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، فنڈنگ براہ راست پبلک اور علیحدہ اسکول بورڈز، پبلک چارٹر اسکولوں اور فرانکوفون علاقائی حکام کو فراہم کی جائے گی جو اضافی مدد کی ضرورت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ دیہی اور دور دراز علاقوں کے لیے مناسب فنڈنگ کو یقینی بنانے کے لیے، ہر اسکول اتھارٹی کے لیے فنڈنگ کا انحصار ان طلبا کی تعداد پر، جو اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں اور اسکول اتھارٹیز کے مقامات پر ہوگا ۔

فوری حقائق

- *ایجوکیشن ایکٹ (Education Act)* اسکول کے حکام سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ غیر معمولی معذوری کے حا مل طلباء کی شناخت کریں اور وہ ضروری مدد فراہم کریں جن کی انہیں اپنی تعلیم کے لیے ضرورت ہے۔
- ایل آئی ایس ایس (LISS) فنڈنگ اسکول کے تمام حکام کو فراہم کردہ سالانہ خصوصی لرننگ سپورٹ گرانٹ (Specialized Learning Support grant) کے علاوہ آتی ہے، جو ان کے اسکولوں میں بچوں کی مختلف سیکھنے کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرتی ہے۔
- اہل اخراجات کی مثالیں
  - طالب علم کی اسکول پر مبنی سیکھنے والی ٹیم کی طرف سے فراہم کردہ خدمات، جن میں شامل ہو سکتے ہیں:
    - بہرے اور کم سننے والوں کے اساتذہ
    - نابینا یا کمزوربصارت کے حامل افراد کے اساتذہ
    - تعلیمی آڈیولوجسٹز(educational audiologists)
    - اشاروں کی زبان کے ترجمان (sign language interpreters)
    - واقفیت اور نقل و حرکت کے ماہرین (orientation and mobility specialists)
    - بریل معاون(braille assistants)
    - آکوپیشنل تھیراپسٹس (occupational therapists)
    - اضافہ پزیر اور متبادل مواصلات کے ماہرین (augmentative and alternating communication specialists)
    - گویائی زبان کے پیتھالوجسٹ (speech language pathologist)
    - ماہرین نفسیات (psychologist)
  - طلباء کی مخصوص تعلیمی رسائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے معاون ٹیکنالوجی، وسائل، مواد اور ماحولیاتی تبدیلیاں۔
  - پیشہ ورانہ ترقی، تربیت، ورکشاپس اور کانفرنسز جو خصوصی عملے کی تربیت کی ضروریات کے مطابق ہوتی ہیں جو غیر معمولی معذوری کے حامل طلباء کی براہ راست مدد کرتے ہیں۔

متعلقہ خبریں

- معزور طلباء کے لیے مزید فنڈنگ (More funding for students with disabilities) (1 فروری، 2023)